32443-نماز کے بعد اجتماعی استغفار کرنا

سوال

کیا نماز سے فارغ ہو کر امام کے ساتھ بلند آواز سے اجتماعی استغفار کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

مستقل فتوی کمیٹی کے فتاوی جات میں
درج ہے :

"نماز پنجگانہ یا سنت مؤکدہ کے بعد
بلند آواز سے دعا کرنا یا نماز کے بعد مستقل طور پر ہمیشہ اجتماعی دعا کرنا بدعت
منکرہ ہے؛کیونکہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں، اور نہ ہی صحابہ
کرام سے اس کا ثبوت ملتا ہے"

دیکھیں : فتاوی اسلامیہ (319/1).

مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر
(10491) کے جواب کا
مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .